مدیر کے نام

عبدالرشید عراقی ،سوہدرہ، گوجرانوالہ

عالمی ترجمان القرآن کا جنوری (۲۰۱۵ء) کا شمارہ نظر سے گزرا۔ محترم سراج الحق صاحب نے اداریے میں بجا توجہ دلائی ہے کہ ملکِ پاکستان میں دہشت گردی اور قتل و غارت اور چوری وڈاکا زنی اور لُوٹ مار کے خاتمے کا واحد علاج اسلامی نظام کا نفاذ ہے۔

ڈاکٹر انیس احمد کی تحریر: 'سانحۂ پشاور: ہم کدھر جا رہے ہیں!' بڑی جامع اور حالاتِ حاضرہ کی بہترین عکاسی کرتی ہے۔ اُنھوں نے اربابِ اختیار اور علماے کرام سے جو گزارشات کی ہیں اُن کو اگر اپنایا جائے اور اُن پر عمل کیا جائے تو ملک میں امن وامان کی فضا قائم ہوسکتی ہے۔

سیرت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم پر تمام مضامین ومقالات بہترین انتخاب ہیں۔ تاہم سیرتِ نبوی صلی اللہ علیہ وسلم سے متعلق جنابِ ارشاد الرحمٰن صاحب کے مضمون: 'اطاعتِ رسولؐ: صحت ایمان کی اوّلین شرط' میں ایک سقم یہ پایا گیا کہ عنوان سے لے کر آخر مضمون تک لفظ 'رسول' کے ساتھ صلی اللہ علیہ وسلم نہیں لکھا گیا صرف (ؐ) پر اکتفا کیا گیا ہے۔ علماے کرام اس کی اجازت نہیں دیتے، لہٰذا صلی اللہ علیہ وسلم پورا لکھنا چاہیے۔

عبدالرحمٰن ،گوجرانوالہ

'داعش: پس منظر اور پیش منظر' (جنوری ۲۰۱۵ء) عبدالغفار عزیز صاحب کا متوازن تجزیہ ہے۔ معلومات کے ساتھ ساتھ اسلامی تحریکوں کے خلاف اقدامات کی بھی نشان دہی کی گئی ہے۔ اس کے مطالعے سے بعض غلط فہمیوں کا ازالہ بھی ہو جاتا ہے۔

صفدر حسین عباسی ،اوسیا (مری)

جنوری ۲۰۱۵ء کے شمارے میں سورۂ مدثر کی آیت وَثِيَابَكَ فَطَهِّرْ کی جگہ وَلَا تَمْنُنْ تَسْتَكْثِرُ لکھا گیا (ص ۲۳)۔ یہ سہواً ہوا۔ اگرچہ بات واضح ہوجاتی ہے، تاہم احتیاط اشد ضروری ہے۔

☆ ادارہ اس سہو پر قارئین سے معذرت خواہ ہے اور اللہ تعالیٰ سے معافی کا خواستگار ہے۔

ماہنامہ عالمی ترجمان القرآن کے مضامین کا اشاریہ ۲۰۱۴ء (جنوری-دسمبر) دستیاب ہے۔ خط، ای میل یا فون کر کے حاصل کیا جاسکتا ہے۔ ادارہ